**09.03.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

........................................................................

☆ دبئی میں ICC چمپئنس ٹرافی کے فائنل میچ بھارت نے نیوزی لینڈ کو چار وکٹ سے ہرا دیا ہے۔

☆ مرکزی داخلہ سکریٹری گوبند موہن نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے جموں میں ایک جائزہ میٹنگ کی۔

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ، کل سے شروع ہو رہا ہے۔

☆ شام میں حکومتی افواج اور بشار الاسد کے حامیوں کے درمیان جھڑپ میں مرنے والوں کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔

☆ اور......گلمرگ میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل کود مقابلے شروع ہوگئے ہیں۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Cricket Final

کرکٹ میں، آئی سی سی چمپئنس ٹرافی میں آج دوبئی میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو چار وکٹ سے ہرا دیا ہے۔ نیوزی لینڈ نے 252 رن کا نشانہ رکھا ہے۔روہت شرما اور شبھمن گل کی اوپنگ جوڑی نے 105 رن کی ساجھیداری کی۔ دنیا کے نمبر ایک بلے باز شبھمن گل نے 31 رن بنائے۔اس کے بعد وراٹ کوہلی محض ایک رن پر میکائل بریس ویل کی بال پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہوگئے۔ روہت شرما نے اس چمپئن شپ میں اپنی نصف سنچری بناکر 76 رن پر آؤٹ ہوگئے۔اس سے قبل، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزی لینڈ نے مقررہ 50 اوورس میں 7 وکٹ پر 251 رن بنائے۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے ڈیریل مچیل نے 63 رن بنائے۔ میکائل بریس ویل 39 گیندوں میں 51 رن پر ناٹ آؤٹ رہے۔بھارت کی طرف سے ورون چکرورتی اور کلدیپ یادو نے دو دو وکٹ لئے۔

### President Haryana Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کل سے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے پہلے دن وہ حصار کے گرُو جَم بھیشور یونیورسٹی آف سائنس و ٹیکنالوجی کی تقسیم اسناد کی تقریب میں شرکت

کریں گی۔ اسی دن صدر جمہوریہ برہم کماری کی گولڈن جوبلی تقریبات کے موقع پر ایک ریاستی سطح کی مہم ’’روحانی تعلیم برائے مجموعی فلاح و بہبود‘ کا آغاز کریں گی۔ x

## PM Mauritious Visit

وزیر اعظم نریندر مودی 11 مارچ کو دو روزہ دورے پر ماریشس پہنچیں گے۔ جناب مودی ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔ ماریشس کے لوگوں میں وزیراعظم جناب مودی کے دورے کےتعلق سے کافی جوش وخروش دیکھا جارہا ہے۔ ماریشس کی 70 فیصد آبادی بھارت نژاد ہے۔ ماریشس میں گنگا تالاب کے نزدیک واقع Morisheshwar شیو مندر کے انچارج ستیش دیال نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ماریشس کے بھارت نژاد لوگ، عالمی معاملات میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت سے کافی فخر محسوس کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جناب مودی نے کووڈ وبا کے دوران، نیز دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کیلئے ماریشس کی کافی مدد کی ہے۔x

## Amit Shah Gujrat Tour

وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج اعلان کیا کہ حکومت کا ملک میں ڈرائیوروں کیلئے باہمی تعاون تنظیم کی تشکیل کا منصوبہ ہے۔ وزیر موصوف، احمد آباد کے Jetalpur میں احمد آباد کو آپریٹو بینک کی صد سالہ تقریبات کے اختتامی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ پانچ برسوں میں دو لاکھ سروس کو آپریٹو سوسائٹیز اور دودھ پیدا کرنے والی پرائمری سوسائٹیز کو آپریٹو تحریک میں ضم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تاکہ زرعی اور ڈیری شعبوں کو فروغ دیا جاسکے۔وزیر موصوف نے، جو گجرات کے دورے پر ہیں، Adalaj میں وکلاء کی حلف برداری کی تقریب میں بھی شرکت کی۔ اس پروگرام کا انعقاد گجرات کی Bar کاؤنسل نے کیا تھا۔ اس سے پہلے وزیر موصوف نے احمد آباد میں Sastu ساہتیہ مدرنالے ٹرسٹ سے 2024-25 کیلئے دوبارہ شائع کی ہوئی 24 کتابوں کا اجرا بھی کیا۔ x

## Amit Shah Shashwat Mithila M

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ متھلا، علم، روایات اور تحقیق کی سرزمین ہے۔ انہوں نے یہ بات آج گجرات کے گاندھی نگر میں منعقدہ Shashwat Mithila مہوتسو 2025 کے دوران کہی۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ حل تک لے جانے والی بات چیت کی روایت متھلانچل میں ہی پروان چڑھی تھی۔

S/B: Amit Shah

اس موقع پر جناب شاہ، مرکزی حکومت کے مشترکہ خدمات مراکز اور سائنس اور ٹیکنالوجی کی وزارت کے درمیان مفاہمت نامے پر دستخط کیے جانے کے دوران بھی موجود تھے۔اعلیٰ کارکردگی کے حامل پیرا اسپورٹس سینٹر کی افتتاحی تقریب میں بھی وہ موجود تھے۔ جناب شاہ نے کہا کہ 325 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے ساتھ پیرا اسپورٹس سینٹر پورے ملک میں صرف گاندھی نگر میں موجود ہے۔ x

## J&K Security Review

مرکزی داخلہ سکریٹری گوبند موہن نے آج جموں میں خطے کے سیکورٹی منظر نامے، انسداد دہشت گردی کارروائیوں اور ابھرتے ہوئے خطرات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اعلیٰ سطح کی ایک سیکورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں جموں وکشمیر کے DGP نلِن پربھات اور IGs بھیم Sen Tuti اور VK Birdi سمیت اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔ اِس میٹنگ میں جن اہم نکات پر تبادلۂ خیال کیا گیا، اُن میں آنے والی امرناتھ یاترا کیلئے سیکورٹی کو یقینی بنانا، انسداد دہشت گردی حکمت عملی کا جائزہ لینا اور ابھرتے ہوئے خطرات، بالخصوص دراندازی کے خطرات سے نمٹنا شامل ہیں۔ اس کا مقصد جموں وکشمیر کے پورے خطے میں امن اور استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے اقدامات میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ جائزہ میٹنگ پچھلے مہینے خطے کی حفاظت کیلئے سرکار کے عزم کو تقویت فراہم کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں نئی دلّی میں منعقدہ اسی طرح کی ایک میٹنگ کے بعد کی گئی ہے۔

## VP AIIMs

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کو بے چینی کی شکایت کے بعد نئی دلّی کے ایمس اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ نائب صدر کو گزشتہ رات اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق جناب دھنکھڑ کی حالت اب مستحکم ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نائب صدر کی اہلیہ ڈاکٹر سدیش دھنکھڑ سے بات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ انہیں یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ ان کی طبیعت میں بہتری آرہی ہے۔محترمہ مرمو نے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی بھی ان کی عیادت کیلئے آج ایمس اسپتال گئے۔ ان سے خیریت دریافت کی۔ وزیر اعظم نے ان کی اچھی صحت اور جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ x

## Health Institute

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے ملک میں سبھی کیلئے صحت کو یقینی بنانے اور صحت عامہ کے اداروں کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ جناب نڈا آج نئی دلّی میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیئر NIHFW کے 48ویں یومِ تاسیس کی سالانہ تقریب سے ورچوئل وسیلے سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب نڈا نے کہا کہ NIHFW ملک میں صحت عامہ کے پیشہ ور افراد کیلئے تربیتی، تحقیقی اور صلاحیت سازی کی سرگرمیوں کے انعقاد میں سب سے آگے ہے۔ مذکورہ ادارے میں نیشنل کولڈ مینجمنٹ اینڈ ویکسین مینجمنٹ ریسورس سینٹر NCCVMRC کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ اِس سینٹر کو مہارت کے ایک بین الاقوامی مرکز کے طور پر تبدیل کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت صحت عامہ کے نئے دور میں داخل ہوچکا ہے اور سرکار ہمہ گیر صحت کوریج میں اضافہ کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ محترمہ پٹیل نے طبی اداروں کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کی ضرورت اور اس مقصد کیلئے ڈیجیٹل لرننگ کی اہمیت پر زور دیا۔x

### Rev. JP Nadda New Schem

BJP کے قومی صدر نیز صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے آج تریپورہ میں لڑکیوں کیلئے دو نئی اسکیموں 'مکھیہ منتری بالیکا سمرڈّھی یوجنا' اور 'مکھیہ منتری کنیا آتم نربھر یوجنا' کا اعلان کیا۔ تریپورہ میں بی جے پی کی قیادت میں NDA سرکار کے سات سال مکمل ہونے کا جشن منانے کیلئے اگرتلا کے سوامی وویکانند گراؤنڈ میں منعقدہ پارٹی کی ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈّا نے تریپورہ سرکار کی ان دو اسکیموں کا اعلان کیا۔

S/B 2100 JP Nadda 21 SEC

اس رقم کا استعمال اُس کی تعلیم اور دیگر ضرورتوں کیلئے کیا جاسکتا ہے۔ دوسری اسکیم طالبات کیلئے ہے۔ اس اسکیم کا نام 'مکھیہ منتری کنیا آتم نربھر یوجنا' ہے۔اس اسکیم کے تحت تریپورہ بورڈ، CBSE اور ICSC امتحانات پاس کرنے والی اعلیٰ نمبرات کی حامل 140 طالبات کو ایک اسکوٹی دی جائے گی۔ جناب نڈا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مانک ساہا نے مذکورہ دونوں اسکیموں کا خاکہ پیش کیا ہے۔x

### Parliament Budget Session

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ کل سے شروع ہوگا۔ چار اپریل تک جاری رہنے والے بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں 20 نشستیں ہوں گی۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، کل منی پور کیلئے بجٹ پیش کریں گی۔ پچھلے مہینے وزیر اعلیٰ این برین سنگھ کے استعفے کے بعد سے منی پور میں صدر راج نافذ ہے۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے کے دوران، سال 2025-26 کیلئے مطالباتِ زر اور متعلقہ تصرفات بل پر بحث اور ووٹنگ کی جائے گی۔اجلاس کے دوسرے مرحلے میں مالیاتی کام کاج کے علاوہ بینکنگ قوانین ترمیمی بل، ساحلی جہازرانی بل 2024 امیگریشن اور غیر ملکیوں سے متعلق بل 2025 اور ریلوے ترمیمی بل غوروخوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 31 جنوری سے 13 فروری تک منعقد کیا گیا تھا۔ بجٹ اجلاس کا آغاز پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے ہوا تھا۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے یکم فروری کو مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دونوں ایوانوں سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک کا جواب دیا تھا۔ اس دوران لوک سبھا میں وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ بھی پیش کی گئی تھی۔

سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں اصغر علی

### Bihar Patna Nagar Nigam

پٹنہ کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر اور پٹنہ میونسپل کارپوریشن کے کمشنر Animesh کمار Parashar نے آج کہا کہ ملک کے سب سے زیادہ آبادی والے شہروں میں سے ایک پٹنہ اختراعی IEC مہمات اور اقدامات کے ساتھ بڑی تبدیلیوں سے گزر رہا ہے۔ پٹنہ میں ٹھوس کچرے کے بندوبست سے متعلق ایک قومی سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے جناب Parashar نے کہا کہ پٹنہ میونسپل کارپوریشن نے ترغیبات اور تعزیری کارروائی دونوں پالیسیاں اپنائی ہیں کیونکہ

شہر کو صاف ستھرا رکھنا نہایت ہی مشکل کام ہے۔

S/B: Animesh Parshar, Commissioner

جناب Parashar نے مزید کہا کہ 15 ہزار سڑک شترو کی نشاندہی کی گئی ہے، جو کھلے عام کوڑا کرکٹ اور کچرہ پھینکنے کے ذمے دار تھے، اُن پر جرمانہ عائد کیا گیا اور ان سے حلف نامے لئے گئے۔ x

## Mumbai Laborers Death

ممبئی کے ناگپاڑہ علاقے میں آج سہ پہر زیرتعمیر ایک عمارت میں پانی کا ٹینک صاف کرتے ہوئے دَم گھٹنے سے چار تعمیراتی مزدوروں کی موت ہوگئی۔ ممبئی فائر بریگیڈ MFB نے پانچ مزدوروں کو وہاں سے نکال کر فوری طور پر اُنھیں جے جے اسپتال میں داخل کرایا۔ تاہم اُن میں سے چار لوگوں کو مردہ قرار دے دیا گیا۔ ایک مزدور کا فی الحال علاج جاری ہے۔x

## Kathua Missing Civilian

جموں و کشمیر کے کٹھوعہ ضلعے کے ملہار میںا یک شادی کی تقریب سے ایک نوجوان اور اس کے دو رشتے داروں کے لاپتہ ہونے کے تین دن بعد ان کے لاشوں کی بازیابی ہوگئی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پولیس اور فوج کی مشترکہ تلاشی کی کارروائی کے دوران ملہار کے علاقے Ishu Nallah میں ڈرون کے ذریعے لاشوں کا پتہ لگایا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ اودھم پور رکن پارلیمان اور مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ یہ ہلاکتیں انتہائی تشویش کا باعث ہیں۔ x

## Syria Violence - Death Toll

شام میں ملک کے حفاظتی دستوں اور معزول صدر بشار الاسد کے حامیوں کے درمیان دو دن سے جاری تصادم میں مرنے والوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔ یہ پُرتشدد جھڑپیں جمعرات کو لاطاقیہ صوبے میں Jableh کے ساحلی خطے میں شروع ہوئی تھیں اور اُس کے بعد بحیرۂ روم کے ساحل سے متصل علاقوں تک پھیل گئیں۔ شام میں موجودہ جھڑپ، 14سال پہلے ملک میں شروع ہوئے تنازعے کے بعد سے تشدد کے بدترین واقعات میں سے ایک ہے۔ یہ واقعہ تین مہینے پہلے صدر بشار الاسد کو اقتدار سے بے دخل کرنے کے بعد قائم ہونے والی دمشق کی نئی سرکار کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے۔

انسانی حقوق پر نظر رکھنے والے شام کے ادارے نے خبردار کیا ہے کہ قانونی جوابدہی نہ ہونے کی وجہ سے تشدد میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے اور ملک میں عدم استحکام بھی پیدا ہوسکتا ہے۔اسی دوران ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی ICRC نے شام کے ساحلی علاقوں میں بڑھتے ہوئے تشدد کے واقعات اور عام شہریوں کی ہلاکتوں کی خبروں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔x

## Khelo India Winter Games 2025

جموں وکشمیر میں بارہمولہ ضلع کے گلمرگ میں پانچویں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل 2025 کے دوسرے حصے کا آج آغاز ہوگیا ہے۔ آج کئی اتھلیٹس نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمغے حاصل کیے۔ اتھلیٹس چار زمروں Alpine Skiing، اسکائی Mountaineering، اِسنو بورڈنگ اور نارڈک اسکائنگ مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔آج Alpine Skiing میں ہماچل پردیش کے یوگیش کمار نے سونے کا تمغہ، فوج کے Jigmet Rafastan نے چاندی کا تمغہ جبکہ باقر حسین نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

Snowboarding Slolm میں خواتین کے زمرے میں اتراکھنڈ کی مینکا گنجیال نے سونے کا تمغہ، ہماچل پردیش کی ساکشی ٹھاکر نے چاندی کا اور ہماچل پردیش کی ہی نتاشا مہر نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

جبکہ مردوں کے زمرے میں جموں وکشمیر کے معراج الدین نے سونے کا تمغہ، جموں وکشمیر کے ہی زبیر احمد لون نے چاندی کا جبکہ فوج کے وویک رانا نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ ان چار روزہ کھیلوں میں 550 اتھلیٹس سمیت 800 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ کرناٹک سے تعلق رکھنے والے اتھلیٹس بھوانی ٹھیکڑا Nanjunda اپنی کامیابی پر بہت خوش تھیں۔ان کھیلوں کے پہلے حصے کا انعقاد 23 سے 27 جنوری کے درمیان لداخ میں کیا گیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆